## 36376 ـ كيا قربانى كاگوشت كفار كودينا جائز ہے ؟

**سوال**

كيا كافر كوقربانى كا گوشت دينا جائز ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

شيخ ابن عثيمين رحمہاللہ تعالى كہتے ہيں :

انسان كے ليے كافر پرقربانى كا گوشت ايک شرط كے ساتھ صدقہ كرنا جائز ہے كہ وہ كافر مسلمان كوقتل كرنےوالوں ميں شامل نہ ہوتا ہو ، اوراگروہ كافر مسلمانوں كوقتل كرنے والوں ميں شامل ہے تواسے كچھ بھى نہيں ديا جائے گا كيونكہ اللہ سبحانہ وتعالى كا فرمان ہے :

( جن لوگوں نے تم سے دين كے بارہ ميں لڑائي نہيں لڑى اورتمہيں جلاوطن نہيں كيا اس كے ساتھ اللہ تعالى تہميں ان سے حسن سلوک اوراچھا برتاؤ اوران كے ساتھ انصاف كرنے سے نہيں روكتا بلكہ اللہ تعالى توانصاف كرنے والوں سے محبت كرتا ہے ( 8 )

بلكہ اللہ تعالى توتمہيں صرف ان لوگوں كى محبت سےروكتا ہے جنہوں نے تمہيں تم دين كے بارہ ميں لڑائياں لڑي اورتمہيں تمہارے گھروں سے ديس نكالا ديا اورتمہيں ديس نكالا دينے والوں كى مدد كى جولوگ ايسے كفار سے محبت كريں وہ ہى ظالم ہيں ) الممتحنۃ ( 8 ـ 9 ) ـ اھـ .